# 38073 ـ كيا خون نكلنے سے روزہ باطل ہوجاتا ہے ؟

## سوال

روزے دار كا خون نكالنے كا حكم كيا ہے چاہے كم ہويا زيادہ كيا اس سے ورزہ ٹوٹتا ہے كہ نہيں ؟

## پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اگرتونكالا گيا خون عرفا قليل ہوتو اس سے روزہ كو كچھ نقصان نہيں ہوتا اوروہ صحيح ہے اس پرقصاء واجب نہيں ، ليكن اگر عرفی طور پر خون كی مقدار زيادہ ہو پھر اسے اس دن كی قضاء ادا كرنا ہوگي تا كہ اختلاف سے بچا جاسكے ، اوراحتياط پر عمل كرتے ہوئے بری الذمہ ہوا جاسكے ۔

اللہ تعالی ہی توفيق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ عليہ وسلم ان كی آل اورصحابہ كرام پراپنی رحمتيں نازل فرمائے ۔ .